تبصرہ و تعارفِ کتب

سمیع الحق
اختر راہی

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم | از حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ۔ جلد اول صفحات ۴۲۴ قیمت ۲۴ روپے جلد دوم صفحات ۲۶۲ قیمت ۲۱ روپے ۔ کتابت و طباعت بہترین مجلد مع حسین گرد پوش۔ ناشر مجلس نشریات اسلام اے کے ۔ ۳ ۔ ناظم آباد کراچی ۱۸

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی عالم اسلام کا متاع گرانمایہ ہیں حق تعالیٰ نے انہیں تحریر و تقریر کے ذریعہ ملت مسلمہ کی بے مثال خدمات کی توفیق دی ہے۔ تاریخ ان کا خاص موضوع ہے۔ اور پھر اس کے ساتھ ساتھ آپ مقام دعوت وارشاد پر بھی فائز۔ تاریخ اور دعوت و عزیمت کے موضوع کے اس یگانۂ روزگار داعی، محقق، مصنف اور ادیب و مبلغ نے جب سیرت طیبہ جیسے ہمہ گیر اور آفاقی موضوع پر قلم اٹھایا تو اس کی افادیت اور خوبیوں کے کیا کہنے، اصل کتاب عربی میں تھی۔ مولانا کے چہیتے عزیز اور شاگرد عربی و اردو اسلوب میں مولانا مدظلہ کے ظل و بروز مولانا سید محمد الحسنی ایڈیٹر البعث الاسلامی نے اس کا ترجمہ کیا جو اب دو جلدوں کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے، کتاب میں مولانا نے وسیع قدیم و جدید معلومات سے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے۔ زمانۂ بعثت میں معاصر دنیا بالخصوص جزیرۃ العرب مدینہ اور مکہ کی تصویر اور تمدنی و سیاسی و تاریخی پس منظر واقعات و حالات اور تعلیمات و نتائج و اثرات کی محققانہ مگر پُرتاثیر روداد نبوت کی صداقتوں کو فلسفہ آرائی اور رنگ آمیزی کی بجائے حقیقی اور واقعی شکل میں اجاگر کیا گیا ہے، نئی نسل کے اذہان اور نفسیات اور عصری و ملی اسلوب کو بھی پورا پورا ملحوظ رکھا گیا ہے، واقعی ایک ایسی کتاب جس میں سیرت خود اپنی ترجمانی کرتی ہے۔ حق تعالیٰ مولانا موصوف کو ان خدمات جلیلہ کیلئے تادیر سلامت رکھے۔ پاکستان میں مولانا کی تصانیف کی نشر و اشاعت کیلئے مجلس نشریات اسلام اور اس کے نگران مولانا قاری فضل ربی ندوی کے محققانہ مساعی نہایت تحسین کے مستحق ہیں۔ ورنہ انڈیا سے ایسی تصانیف کی دستیابی جوئے شیر لانے سے کم نہ تھی۔ حق تعالیٰ اس عظیم کام کے ناشر کو اجر عطا فرمادے۔

(سمیع الحق)

حضرت عثمان شہیدؓ | تالیف: محمد بن یحییٰ بن ابی بکر مالکی اندلسیؒ ۔ ترجمہ: کوکب شادانی ایم۔اے ناشر: نفیس اکیڈمی اسٹریچن روڈ کراچی ۔ صفحات: ۲۳۰ قیمت: درج نہیں۔

محمد بن یحییٰ بن ابی بکر مالکی اندلسیؒ آٹھویں صدی ہجری کے بلند پایہ عالم تھے۔ انہوں نے "التمہید والبیان فی مقتل